© rasailojaraid.com

طاقت ہوگا، پوری دنیا کے لئے ایک عظیم الشان اسلامی یونیورسٹی اور ایک عالمگیر تجارتی دولت مشترکہ قائم ہوگی اسلامی تہذیب عام ہوگی اور شر خیر سے مغلوب ہوگا۔ غرضکہ بڑی فکر انگیز بصیرت افروز اعمانز آفریں کتاب ہے۔ مسلم اور غیر مسلم ارباب ذوق کو اس کا ضرور مطالعہ کرنا چاہیئے۔ صفحہ ۱۰۰ پر مصنف نے ایک حدیث طلب العلم فریضة علی کل مسلم و مسلمة کا ترجمہ درج کیا ہے لیکن غلطی سے اسے قرآن کی آیت لکھ گئے ہیں۔ آئندہ ایڈیشن میں اس کی تصحیح ہوجانی چاہیئے۔

Islam our Choice ۔ مرتبہ ڈاکٹر ایس اے خلوصی تقطیع خورد ضخامت ۲۰۰ صفحات ٹائپ اور کاغذ اعلیٰ قیمت دس روپے۔ پتہ عزیز منزل۔ برا ندرتھ روڈ۔ لاہور ۷۔ (مغربی پاکستان)

"دی اسلامک ریویو" جو لندن کے ووکنگ مسلم مشن کا مشہور ماہوار میگزین ہے اس میں سالہائے دراز سے وقتاً فوقتاً اُن مغربی مردوں اور عورتوں کے بیانات شائع ہوتے رہتے ہیں جو توفیق خداوندی سے اسلام قبول کرلیتے ہیں۔ ان بیانات میں یہ حضرات بتاتے ہیں کہ انھوں نے اسلام کیوں قبول کیا؟ اس کتاب میں اسی قسم کے بیانات کو اچھی خاصی تعداد میں مع ان حضرات کی تصاویر اور ان کی مختصر سوانح عمری کے یکجا کردیا گیا ہے۔ مزید افادیت کے لئے ان نو مسلم حضرات کے علاوہ کارلائل، گوئٹے۔ ایچ جی ویلز برناڈ شا اور ٹوئن بی وغیرہم ایسے اکابر غرب نے اسلام یا پیغمبر اسلامؐ کی نسبت جو کچھ از راہ عقیدت لکھا ہے اس کے اقتباسات بھی نقل کردیئے گئے ہیں۔ شروع کے متعدد ابواب میں ایک ایک مستقل عنوان کے ماتحت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت مقدسہ۔ اسلام کیا ہے؟۔ اسلام کی فتوحات۔ اسلامی تہذیب و ثقافت اور یورپ کی موجودہ بیداری میں اس کا دخل اور اثر۔ ان سب پر مختصر مگر مدلل اور بصیرت افروز گفتگو کی گئی ہے۔ ضرورت ہے کہ اس کتاب کا مختلف زبانوں میں ترجمہ کرکے اسے زیادہ سے زیادہ شائع کیا جائے۔ نو مسلم خواتین و رجال نے اپنے اسلام قبول کرنے کے جو وجوہ بیان کئے ہیں وہ خاص طور پر بڑے ولولہ انگیز اور سبق آموز ہیں۔

مجموعہ رسائل حضرت شاہ رفیع الدین محدث دہلویؒ ۔ مرتبہ مولانا عبدالحمید سواتی۔ تقطیع کلاں ضخامت ۱۳۰ صفحات۔ کتابت و طباعت بہتر۔ قیمت دو روپیہ۔ پتہ مدرسہ نصرت العلوم

© rasailojaraid.com